نوشاد ورضی، ناصر وذیشان، دور حاضر میں گمراہیت کی پہچان

بنام

نادان بجنوری

از قلم: محمد ساجد رضا قادری رضوی کٹیہاری

بانی تحریک فیضان لوح وقلم جگناتھ پور، آبادپور بارسوئی کٹیہار بہار

بجنوریوں کی عقل پر حیرت بھی محو حیرت

مبسملا وحامدا::ومصلیا ومسلما

میں جو نظریہ پیش کرتا ہوں, بجنوری محررین بھی اسی نظریہ کو مانتے ہیں, لیکن وہ لوگ خود کو اہل حق تصور کرتے ہیں اور اسی نظریہ کے سبب مجھ پر تنقید کرتے ہیں۔

میں نے اپنے رسائل ومضامین میں اس بات کا ذکر کیا ہے کہ اگر ایک ہی جامع شرائط مفتی نے تکفیر کلامی کا صحیح فتوی دیا ہے تو اس سے اختلاف وانکار کی گنجائش نہیں۔ہم نے اس پر دلائل بھی رقم کیے ہیں اور مقام تفصیل میں اس کی تفصیل بھی رقم کی ہے۔

فرقہ بجنوریہ مذکورہ نظریہ کو مانتا ہے اور اسی نظریہ کے سبب امام اہل سنت قدس سرہ العزیز کی تکفیر کرتا ہے۔یہ تو سب کو معلوم ہے کہ الکوکبۃ الشہابیہ اور سل السیوف الہندیہ میں امام اہل سنت قدس سرہ العزیز نے اسماعیل دہلوی کو کافر فقہی تسلیم کیا ہے۔

بجنوری محررین کا دعوی ہے کہ حضرت علامہ فضل حق خیر آبادی قدس سرہ العزیز نے اسماعیل دہلوی کی تکفیر کلامی کی تھی اور امام اہل سنت علیہ الرحمۃ والرضوان نے اسماعیل دہلوی کی تکفیر کلامی نہیں کی, لہذا ہم ایک فاضل بریلوی نہیں, بلکہ ہزاروں فاضل بریلوی کو ناموس رسالت پر قربان کریں گے۔

یعنی تکفیر کلامی سے اختلاف کرنے والے ہزاروں علمائے محققین کی تکفیر کریں گے۔

پس بجنوری محررین بھی اسی نظریہ کو مانتے ہیں جو ہم نے بیان کیا ہے کہ صحیح تکفیر کلامی سے اختلاف وانکار کی گنجائش نہیں۔

فرقہ بجنوریہ کا دعوی ہے کہ بعض علمائے اہل سنت نے یہ قول کیا ہے کہ حضرت علامہ خیر آبادی قدس سرہ العزیز نے اسماعیل دہلوی کی تکفیر کلامی کی ہے اور پھر وہ حضرات اسماعیل دہلوی کو کافر فقہی مانتے ہیں, لہذا بقول طارق انور مصباحی ان حضرات پر حکم کفر عائد ہو گا۔

جواب یہ ہے کہ علمائے اہل سنت وجماعت میں سے کوئی اس بات کا معتقد نہیں کہ حضرت علامہ خیر آبادی علیہ الرحمۃ والرضوان نے اسماعیل دہلوی کی تکفیر کلامی کی ہے, بلکہ بعض علمائے اہل سنت نے دیوبندیوں کو الزامی جواب دیتے ہوئے ایسا کہا ہے اور مناظراتی مباحث کو عقائد ونظریات پر محمول نہیں کیا جاتا ہے۔

ہم نے اپنے رسالہ:"تکفیر دہلوی اور علمائے اہل سنت وجماعت" باب سوم میں تکفیر دہلوی سے متعلق علمائے اہل سنت وجماعت کے تین جوابات کا ذکر کیا ہے۔ایک تحقیقی جواب ہے اور دو الزامی جوابات ہیں۔

اسماعیل دہلوی کی شہرت توبہ کا ذکر ہمارے رسالہ:"معروضات وتاثرات حصہ چہارم, باب پانزدہم میں تفصیل کے ساتھ مرقوم ہے۔تکفیر دہلوی کے مسئلہ میں شہرت توبہ کے ذریعہ بھی الزامی جواب دیا جاتا ہے۔کیوں کہ رشید احمد گنگوہی نے بھی اسماعیل دہلوی کی شہرت توبہ کا ذکر کیا ہے۔

تحقیقی جواب وہی ہے کہ حضرت علامہ خیر آبادی قدس سرہ العزیز نے اسماعیل دہلوی کی تکفیر فقہی کی ہے۔ردفرقہ بجنوریہ,مضمون نہم میں بھی اس کی تفصیل ہے اور ان شاءاللہ تعالی آج مضمون دہم میں بھی تفصیل آئے گی۔

رافضی مناظر کہے کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت کا ذکر قرآن مقدس میں نہیں ہے, لہذا ہم ان کی خلافت کو نہیں مانتے ہیں۔سنی مناظر جواب میں کہے کہ حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کی خلافت کا ذکر بھی قرآن مجید میں نہیں, پس ان کی خلافت کو کیسے مانا جا سکتا ہے۔

یہ الزامی جواب ہے جو اسکات خصم کے واسطے دیا گیا ہے۔ اہل سنت وجماعت کا یہی عقیدہ ہے کہ شیر خدا حضرت علی مرتضی رضی اللہ تعالی عنہ چوتھے خلیفہ ہیں۔ کوئی بھی سنی اس کا انکار نہیں کرتا ہے۔

الزامی جواب اور تحقیقی جواب میں فرق کو ملحوظ خاطر رکھنا لازم ہے۔ بجنوری محررین سے بھی گزارش ہے کہ غور وفکر کریں۔ اللہ ورسول (عزوجل وصلی اللہ تعالی علیہ وسلم) کے بے ادبوں کی حمایت وطرفداری سے دستبردار ہو کر اللہ ورسول (جل مجدہ والصلوۃ والسلام علی رسولہ وعلی آلہ واصحابہ) کی جانب متوجہ ہوں۔

طارق انور مصباحی

جاری کردہ: 07: دسمبر 2022

نادان بجنوری

بروز چہار شنبہ 07/دسمبر 2022ء کو حضرت مولانا محمد طارق انور مصباحی کی ایک تحریر رد فرقہ بجنوریہ بعنوان ،،بجنوریوں کی عقل پر حیرت بھی محو حیرت ،، اپنے فیس بک وال میں شیئر کیا، تو فرقہ بجنوریہ کا ایک گھونچوں، (یہ الفاظ اسی فرقہ کے گھونچوں رضی مصباحی کا ہے) جنکی حیثیت ناچنے والے بندر سے زیادہ نہیں، ناصر و ذیشان واہیات نگاروں کے ان پوسٹوں پر بھی جو کم از کم فقیر بے علم کے نزدیک کچھ نہ کچھ خامیاں ہوتی ہیں، ان پر بھی ان کی اچھل کود دیدنی ہوتی ہے، رضی احمد مصباحی ثم سراوی اور نوشاد علیگ سراوی کے سابقہ کچھ کمنٹوں کو دیکھ کر جو تاثر لیا تھا، وہ ندوۃ العلماء کے ابتدائی علماؤں سے مختلف نہیں، جن کی بابت مسٹر ابوالکلام آزاد نے اپنا مشاہدہ لکھا تھا، ملاحظہ کیجئے۔

میں نے دیکھا کہ بالکل چالاک دنیاداروں کی سی کاروائیاں کی جارہی ہیں، اور وہ تمام وسائل بے دریغ عمل میں لائے جاتے ہیں، جو اپنی کامیابی کے لئے ایک شاطر سے شاطر اور عیار سے عیار جماعت کر سکتی ہے، لوگوں کو شامل کرنے کے لئے ہر طرح کی عیاریاں کی جاتی تھیں، اور عوام پر اثر قائم کرنے کے لئے مصنوعی حالتیں اختیار کی جاتی تھیں، میرے سامنے ایک واعظ نے ندوے کے ایک سرگرم ایجنٹ سے مشورہ کیا کہ مجلس وعظ میں کیونکر ان کو اظہار جوش وخروش کرنا چاہئے اور کیونکر آخر میں نالہ وبکا شروع کر دینا چاہئے، چنانچہ تجویز پختہ ہوگئی، اس کے بعد واعظ نے جوں ہی مثنوی کی ایک حکایت شروع کی، دوسرے صاحب نے معًا کھڑے ہو کر حال بازوں کی طرح حرکتیں شروع کر دیں، اس سے مجلس میں بڑی رقت طاری ہوگئی اور اس قدر آہ وبکا ہوا کہ اس پر وعظ ختم کر دیا! اسی طرح بیسیوں باتیں روز میں دیکھتا تھا۔

(آزاد کی کہانی آزاد کی زبانی، بروایت ملیح آبادی،، کے ص 132)

میری نگاہ میں ناصر وذیشان واہیات نگاروں اور اچھل کود کرنے والے رضی احمد اور نوشاد علیگ بلکہ جو بھی ان کی ٹولہ وٹیم کا حصہ ہے، لوگوں کو اپنی جانب رجھانے کے لئے ندوے کے اسی روش پر گامزن ہیں، اگر یقین نہ آئے تو ان حضرات کے فیس بک پروفائل چیک کر لیجئے، شائد وباید ہی کوئی پوسٹ اور کوئی کمینٹ ہوں، جس میں اندھ بھکتی کی جھلک نہ ہو، اور علمائے اہل سنت بالخصوص اعلی حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کی کردارکشی نہ کی گئی ہو، مغلظات کی برسات نہ کی ہو، کبھی ہمدردیاں بٹورنے کے لئے رونا، کبھی اپنی خلوص نیت کا اظہار کرنا، پھر موقع ملتے ہی پل پڑنا، بے بنیاد الزامات عائد کرنا، کوئی اپنی رگ حمیت کا سخت الفاظ میں اظہار کرے تو انہیں گالی سمجھے، اور خود مغلظات منہ بھر بھر کر کہے تو کوثر وتسنیم کی دھلی زبان سے تعبیر دے، نفاق اور منافقت، شقاوت وسفاہت کی ساری حدیں خود پار کرتے ہیں، مگر اپنی بجائے دوسروں کے سر بیل مونڈھتے ہیں۔

اس لئے کہنے والے ان کی تحریرات کو دیکھ کر کہتے ہیں کہ اسلام کا یہ پہلی خانقاہ ہے، جو ملک ہند کے سراواں الہ آباد میں ہے، جس نے تکفیر سازی کی فیکٹری کھولی ہوئی ہے، اس میں ناصر وذیشان اور رضی و نوشاد جیسے فتنہ پرور وفتنہ انگیز، روباہ مزاج وملت فروش، کذب وہذیانات، فتور العقل، گالی باز اور آر ایس ایس کے ایجنٹ بے حیا وبے شرم جاہل اور ابوالاجہل جیسے لوگ پلتے ہیں، اور دشمنان خدا ورسول سے داد اتحاد اور اہل اسلام اہلسنت سے بیر کھائے بیٹھے ہیں، گستاخان رسول کی تائید وحمائت، اور عاشقان رسالت کی بے جا فضیحت، جن کی زبان پر اثر تیر وسنان سے صحابہ کرام کی عظمت محفوظ نہیں، پھر ان کی زبان وقلم سے چودھویں صدی کا مجدد اعلی حضرت علیہ الرحمہ بھلا کیوں کر بچے رہ سکتے ہیں، چرسی جس اصول سے اعلی حضرت کی تکفیر تک کرتے ہیں، اسی اصول کی زد میں ناصر رامپوری بھی آتے ہیں مگر چرسی کی منافقت تو دیکھئے کہ رامپوری کی محبت میں ان کی زبان تک نہیں ہلتی، اور مثل مشہور ہے، چور چور موسیرے بھائی، جب چرسی کی زبان

بدلگام صحابہ کرام کی اہانت وتذلیل میں کھلتی ہے تو دریافت کرنے پر بھی چر سی کے خلاف ایک لفظ بولنے سے ناصر سراپا قاصر رہتے ہیں۔

انہوں نے اللہ والوں کا دامن داغدار کیا، اللہ تعالی نے ان کے دلوں پر،، **ختم اللہ علی قلوبھم** ،، کا مہر لگادیا، برائے نام بیعت بھی کی، مگر ایسے سے جیسا پیرویسا مُرید، خدا کی تلاش میں نکلے، اور گمراہی کے جھوٹے موہوم خدا تک پہنچے، سجدہ جو اسلام میں کسی کے لئے جائز نہیں، سرا واں کے گدی نشین نے اپنے لئے سزاوار ٹھہرایا، مریدوں کو لگا مراد پالیا، مگر سجدہ کر کے مَرید ہو گئے۔

اور کفر سازی ایسی کہ علمائے اہل سنت کے وہ تردیدی کلمات جو باطل کی دھجیاں بکھیر کر نیندیں حرام کی ہوئی ہیں، انہیں بڑی چالاکی سے پیش کرتے ہیں، اور اپنے مخالف مخاطب کی زبانی غیر محسوس انداز میں انہیں علمائے اہل سنت کے خلاف ،، کافر،، تک بکنے کا پلان بنا رکھے ہیں، جس کی جلوہ سامانی میرے ساتھ فیس بکی بحث میں دیکھ سکتے ہیں۔

الغرض ان کی پروفائل دیکھ کر یقیناً میرے اس خیال کی تائد کریں گے۔ کہ جو حضرات دوسروں کو اندھ بھکتی کا طعنہ دیتے ہیں، پس پردہ خود اتنے بڑے اندھ بھکت بھی ہو سکتے ہیں جن کا تصور نہیں کیا جاسکتا؟ یہ تو وہی غیر مقلدین کی سی مثال ہے،، تقلید شرعی کے منکر اندھی تقلید میں خود گرفتار،، ان بیچاروں پر بھی یہ مثالیں فٹ آتی ہیں۔

بعض ناعاقبت اندیش علم وحکمت سے صفر کہتے ہیں کہ یہ لوگ مصلح ہیں۔؟ ان کے لئے عرض ہے کہ اگر یہ لوگ مصلح ہوتے تو بغیر دلیل بات نہ کرتے، من گھڑت اصول اور اس پر ہٹ دھرمی، اور جس پر جو چاہا اپنی واہیات وہفوات کا انتساب کردیا، ان کی دلیلیں من مانی، جھوٹی ہیں، اب یہی پر دیکھ لیجئے،

ناصر رامپوری نے علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ کی کتاب ،، تحقیق الفتوی ،، میں مذکور تکفیر دہلوی کو ،، کلامی ،، قرار دیا ہے۔ بلکہ اس عنوان سے موصوف نے ایک مضمون بھی ترتیب دیا ہے ، جو بنام

،، کیا کہا! علامہ نے شاہ اسماعیل کی تکفیرِ فقہی کی ؟؟ ،،

عنوان ہی کو حیرت واستجاب کے تاثر سے لبریز کر کے پیش کیا ہے ، جس سے سیدھے طور پر کہہ سکتے ہیں کہ رامپوری صاحب کے نزدیک یہ مسئلہ مصرح ومصفیٰ تھا ، اس کے خلاف فقہی تکفیر کی بات سنی تو حیرت سے منہ کھل گیا ، اور مذکورہ بالا عنوان قائم ہو گیا ، مگر عنوان کو صحیح ثابت کرنے کی یہ دلیل بھی سچ نہیں ہے ، حیرت واستعجاب کا یہ تاثر فراڈ سے کم نہیں ہے۔

رامپوری صاحب نے اس مضمون میں سچ کم جھوٹ زیادہ لکھا ہے ، ان تمام تر کذب وہذیانات کا تحقیقی اور تنقیدی جائزہ لیا جائے تو ایک دفتر بھی ناکافی ہو گا ، سر دست یہاں پر صرف ایک ہی جھوٹ سے پردہ اٹھاتے ہیں۔

لہذا عنوان کو حیرت خیز بنانے کی ایک سازش یہ ہو سکتی ہے کہ اسے دیکھ کر قارئین مبتلائے دام ہو جائے ، اس لئے یہ ناتمام کوشش کی گئی ، لہذا تکفیر فقہی کا انکار کرتے ہوئے کلامی تکفیر قرار دیا ، مگر حیرت اس بات پر ہے کہ کلامی تکفیر کی تائید وتصدیق میں خود کتاب تحقیق الفتوی سے کوئی ایک آدھ دلیل بھی پیش کرنے سے عاجز ودرماندہ رہے ، اس لئے انہیں خارجی دلائل قائم کرنی پڑیں ، اپنے اسی مضمون میں یہ دعوی ملاحظہ کیجئے ، لکھتے ہیں۔

،،فقہی نظریہ کی تبلیغِ شدید آج حسام الحرمین کی تصدیقِ جدید کے علم بردار مولانا طارق انور مصباحی کر رہے ہیں, لیکن ہماری سمجھ سے پرے ہے کہ یہ حضرات کس اعتبار سے علامہ کے فتویٔ تکفیرِ شاہ دہلوی کو فقہی قرار دینے پر مُصر ہیں،،

کیا سمجھے آپ! رامپوری صاحب کہنا چاہتے ہیں کہ علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ کے فتویٔ تکفیرِ شاہ دہلوی کو فقہی قرار دینے کی کوئی دلیل نہیں ہے، لیکن اس اقتباس سے یہ نتیجہ بھی نکال سکتے ہیں کہ رامپوری صاحب کے پاس بھی اس فتوی کو،، کلامی ،، قرار دینے کی کوئی ایک کیا آدھی دلیل بھی نہیں ہے، اس لئے بہتے ہوئے تنکے کا سہارا لیا، اور دلیل پیش کرنے کی بجائے بیچاروں کو دلیل قائم کرنی پڑی، پہلی دلیل ملاحظہ کیجئے ، لکھتے ہیں۔

،، کیا علامہ خیر آبادی فقہ میں مہارت سے مشہور ہیں یا کلام میں رئیس المتکلّمین سے ؟ کم از کم تحقیق الفتوی ہی توجہ سے پڑھ لی ہوتی, امتناع النظیر ہی کی رعایت کر لی ہوتی, پورا خیر آبادی سلسلہ, منطق و فلسفہ کے ساتھ اسلامی الہیات و کلامیات سے معروف ہے،،

اس دلیل میں کتنا دم ہے، وہ حسب ذیل بحث سے دن بارہ بجے کی طرح روشن ہو جائے گا، لہذا اس اقتباس سے سیدھے اور عمومی طور پر جو بات سمجھ میں آتی ہے، وہ یہی ہے کہ علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ علم کلام میں مہارت کی وجہ سے رئیس المتکلّمین مشہور تھے، اس لئے فتوی تکفیر بھی فقہی کی بجائے کلامی ہو گا، اور دوسری بات یہ ہے کہ علامہ خیر آبادی فقیہ نہیں تھے، اسی وجہ کر فرقہ بجنوریہ کے متبعین علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ کو محض متکلّم مانتے ہیں ان کو بحیثیت فقیہ تسلیم نہیں کرتے، اگر چہ رامپوری صاحب نے اسی محولہ بالا مضمون میں علامہ خیر آبادی کے کلام کے ساتھ فقاہت کو موازنہ کر کے ترازو میں تول کر کمتر ہی سہی مگر تسلیم

کیاہے، لیکن ان کے متعلقین ومحبین میں مثلاً مولانا رضی احمد مصباحی ثم سراوی اپنے یار رامپوری کی بات سرے سے نقار دیتے ہیں، جیسا کہ اس نے حقیر کے ساتھ ایک فیس بکی بحث کے دوران لکھا ہے۔

،،دوسری اہم بات یہ کہ علامہ خیر آبادی متکلّم ہیں فقیہ نہیں ؟،،

علامہ خیر آبادی کی فقاہت کے منکرین کے لئے میرا ایک مشورہ یہ ہے کہ یا تو کم از کم رامپوری صاحب کی بات مان لے، یا پھر علامہ کی حالات پر مشتمل مستند کتاب،،باغی ہندوستان،،کو مطالعہ فرما کر از خود جہالت کو دور کر لیں، کہ علامہ خیر آبادی علیہ الرحمۃ نے کہاں کہاں عدالت عالیہ میں مفتی صدر الصدور رہے، اور فقہ وافتا کی خدمات انجام دیں۔

لیکن علامہ خیر آبادی کو بحیثیت فقیہ تسلیم نہ کرنے کی وجہ کیا ہو سکتی ہے؟ حقیر کو جو سمجھ میں آیا وہ یہ ہے کہ اگر علامہ کی فقہی حیثیت کو تسلیم کر لیا جاتا تو پھر فتوی کو کلامی قرار دینے میں دشواری ہوتی، اور کلامی کے پردے میں اعلی حضرت پر جو کرم فرمائیاں کی جارہی ہے، اس کا موقع نہ ملتا، گویا کہ فتوی کو کلامی قرار دینا اعلی حضرت پر سب وستم کا چور دار وازہ بنانا ہے۔

چلئے اب اصل بحث کی طرف لوٹتے ہیں، کہ رامپوری صاحب کے موقف کی تاید میں کوئی دلیل نہیں ہے، جو دلیل اس نے قائم کی ہے، اسے دلیل نہیں کہتے، اگر دلیل تسلیم کر بھی لیا جائے، تو وہ نہایت پھسپھسی ہے، اور تار عنکبوت سے زیادہ کوئی وقعت نہیں رکھتی۔

اب یہی پر دیکھ لیجئے کہ امام غزالی علیہ الرحمہ ایک عالم دین اور صوفی کی حیثیت سے مشہور ہیں، کیا اس وجہ سے ان کی فلسفیانہ خدمات پر مشتمل کتاب،،المنقذ من الضلال،،کا انکار کریں گے، کہ وہ صوفی

مشہور ہے، اور فلسفیانہ موشگافیاں کمتر ہیں، نہیں! بلکہ وہ اور ان جیسے علماء جامع العلوم کے زمرے میں آتے ہیں، جن کی صوفیانہ زندگی کا انکار کیاجاسکتاہے، اور نہ ہی فلسفیانہ کارناموں کو بھلایاجاسکتاہے۔

اور ہاں رامپوری صاحب نے علامہ خیرآبادی علیہ الرحمہ کی فقاہت کوتسلیم کیاہے، کمتر ہی سہی مگر کیا اس نے خود اپنے اصول سے خود اپنی بیان کردہ دلیل کی تردید نہیں کردی، کہ علامہ علیہ الرحمہ رئیس المتکلّمین مشہور ہوئے، اسلئے فتوی کوکلامی تسلیم کرلیاجائے، اور ان کی فقاہت جواگرچہ مسلم ہے، مگر کمتر ہے اس لئے فقہی خدمات کوانکار کرکے قعر گمنامی کے حوالے کردیاجائے۔ اگر ایسانہیں ہے توپھر اس فتوی کوکلامی قرار دینے کی بجائے اپنے ہی اصول کے تحت ہوناتویہ چاہیئے تھاکہ اسے فقہ وکلام کامجموعہ قرار دیتے، جوقرین انصاف ہوتا۔ لیکن اس صورت میں رامپوری کواپنامدعاحاصل نہ ہوتا، جوانہوں نے کلامی قرار دے کر امام اہل سنت اعلی حضرت فاضل بریلوی علیہ الرحمہ پر کرم فرمائیاں کی ہیں۔

لیکن فی الوقت سوال یہ ہے کہ فتوی تکفیر کلامی ہے یافقہی، ؟ کیاتحقیق الفتوی میں ایسا کوئی اشارہ بھی نہیں ہے، کہ اسے کلامی کہاجائے یافقہی، ؟ اگر کچھ بھی اشارہ نہیں ہے تورامپوری کا یہ کہناکہاں تک درست ہوگاکہ

،، ہماری سمجھ سے پرے ہے کہ یہ حضرات کس اعتبار سے علامہ کے فتوئ تکفیرِ شاہ دہلوی کو فقہی قرار دینے پر مُصِر ہیں،،

یہ بیان کی پختگی زبان حال سے کہتی نظر آتی ہے کہ ان کے پاس دلائل کے انبار ہیں۔ اگر اس کے باوجود دلیل پیش کرنے سے قاصر رہے، توجہالت ونادانی کی ڈھٹائی نہیں بلکہ فریب ودجل کی کاروائی کہیں گے۔

اور اگر کتاب میں ذرا بھی فقہی تکفیر کی جانب اشارہ ہے، تو پھر یہی بات پلٹ کر رامپوری سے بھی کہی جاسکتی ہے ،،کہ رامپوری اور ان کے حواریین حضرات کس اعتبار سے علامہ کے فتویٰ تکفیرِ شاہ دہلوی کو کلامی قرار دینے پر مُصِر ہیں،،

رامپوری اور ان کے محبین و متعلقین اسے کلامی قرار دیتے ہیں، اور انہوں نے جو دلیل قائم کی ہے،اس کا حال معلوم کرلیا،کہ ان میں کوئی دم ہے نہ خم ہے،کیونکہ کوئی شخص کسی فن میں اگر مشہور ہو تو بوجہ شہرت ان کے دوسرے فنون پر مہارت سے انکار کرنا ایک احمقانہ فعل ہے،اور اس احمقانہ فعل کو بطور دلیل پیش کرنے والا حشحشین کی جنت کے مکین ہی ہوسکتے ہیں،اسے دلیل مان بھی لیا جائے تو یہ خارجی دلیل تھی،کتاب سے کوئی دلیل ہوتی، تو رامپوری اور اس کے حواریین ضرور پیش کرتے تھے۔

یہاں تک کے رامپوری کا ایک پیادہ مولانا رضی احمد مصباحی ثم سراوی نے بار بار تقاضہ کے باوجود تحقیق الفتوی سے کوئی موہوم اور خفیف سا اشارہ پر مشتمل دلیل میں ایک لفظ بھی پیش کرنے سے قاصر رہے،اور جو دلیل دی ہے اس پر اہل علم مسکرائے بغیر نہیں رہ سکتے،سوال: کوا کھانا کیسا ہے ،جواب کوا کھانا ثواب ہے،دلیل کے نام پر فقط رشید احمد،یہی حال ہمارے ان نادان دوستوں کا ہے۔

بحث کا آخری حصہ ضیافت طبع کے لئے ملاحظہ فرمالیجئے۔جب سوال ہوا کہ اسے کلامی قرار دینے کی دلیل کیاہے، توآنجناب آئے بائے شائے ہانکنے لگے،بڑی بڑی ڈنگیں ماری ،لیکن بار بار تعاقب اور تقاضا کے بعد جو جواب دیا،اس سے ان کی عاجزی،مایوسی،درماندگی ٹپک رہی ہے،ملاحظہ کیجئے۔

جواب میں لکھتے ہیں۔،،تحقیق الفتوی کلامی ہی ہے،،

عرض کیا،،اس کی دلیل کیا ہے،،

جواب دیا:۔ ،،دلیل خود کتاب ہے،،

عرض کیا کہ،،کتاب ہی سے کوئی عبارت پیش کیجئے۔

اس کے بعد آج آٹھواں دن ہے، تمام شیخی بگھاڑ کر اب مکمل طور پر خاموش ہے، اللہ تعالی ہدایت نصیب فرمائے۔آمین

بڑا شور سنتے تھے پہلو میں دل کا

جو چیرا تو اک قطرہ خون نہ نکلا

بہر حال ان کی بے بسی اور لاچاری کی داستان تو آپ ملاحظہ فرمائیں گے ہی، مگر اس سے قبل اتنا اور سن لیجیے، کہ اس بے بسی کے شکار تنہا رضی احمد نہیں ہے، بلکہ فرقہ بجنوریہ کا ہر فرد ہے۔ دلیل کے نام پر بدکنے لگتے ہیں۔ جس کا ثبوت آپ مولانا رضی مصباحی اور نوشاد علیگ چشتی دونوں کے بحث میں دیکھیں گے۔

لہذا یہاں یہ کہنا بالکل غلط ہو گا کہ علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ نے اس فتوی کی بابت کوئی اشارہ نہیں فرمایا ہے کہ فتوی تکفیر کلامی ہے یا کہ فقہی، عام فتوی اگر ہوتا تو اشارہ نہ فرماتے، مگر جب تکفیر معاملہ گمبھیر کا ہو تو ایک بالغ نظر مفتی کا اولیں فرض بنتا ہے کہ اسے یہ سخت حکم سنانے سے قبل بتلادے کہ کس زاویہ نگاہ و علم و فن حکم کفر سنایا گیا، کلامی یا فقہی، اور علامہ جیسے کامل متکلّم بقول سرسید علم و حکمت کے پتلہ، بالغ نظر مفتی سے یہ کیسے ممکن ہے کہ وہ اس بات کو بتلانے سے چوک جائے، یقینا تحقیق میں کلامی باتیں فرمائی ہیں مگر جب تکفیر کا حکم جاری کیا تو واضح طور پر اس کی نشاندہی بھی فرمادی، حتیٰ کہ عنوان ہی سے واضح اور روشن ہے، مقام رابع میں فرماتے ہیں۔

،،در حکم اقتراف استخفاف بہ شان آنحضرت ﷺ و حضرات سائر انبیاء علیہم السلام و حال مرتکب ایں جریمۂ شنیعہ عند الفقہا و علماء الشریعۃ،،

اس مقام پر ایک نادان بجنوری کا کہنا ہے کہ ،، مطلب متکلّم علماء شریعت نہیں ہوتے ہیں ؟،، تو عرض ہے کہ پھر بقول آپ کے ساری کتاب کلامی ہے تو یہاں پر ,, عندالفقہاوعلماء الشریعۃ ،،کی بجائے ،، عندالعلماء متکلّمین ،، ہونا چاہیئے تھا، یا اس کتاب کے اس باب میں کہیں پر بھی ایسا جملہ دکھا دیجئے ،،ھاتوا برھانکم ان کنتم صادقین ،، ہرگز نہیں دکھاسکتے ،مگر اس کی بجائے ،،علماء شریعت ،، کیوں لایا، نیز دلائل میں فقہی روایات کیوں بیان فرمائی، جسے قارئین باتمکین اسی صفحہ میں عبارت صریح ملاحظہ فرمالیجئے، علامہ علیہ الرحمہ فرماتے ہیں۔

،،حال مستحقف واستخفاف شرعًا از روئے روایات فقہ گزارش یابد،،(ص209 مطبوعہ شاہ عبدالحق محدث دہلوی اکیڈمی بندیال سرگودھا) پھر استخفاف اور استخفاف کرنے والے کا حال، شرعی طور پر فقہی روایات کی روشنی میں پیش کیا جائے،،

معلوم ہواکہ یہاں پر علماء شریعت سے مراد مشائخ کرام ہیں، نہ کہ متکلّمین ،بلکہ متکلّمین کی جانب ادنی موہوم سااشارہ بھی کہیں نہیں فرمایا، اس قدر واضح ثبوت موجود ہونے کے باوجود حق پوشی کی ذلیل مذبوحی حرکت کی وجہ آخر کیاہے۔ بلکہ ثابت ہوگیاکہ ان کا حسب ذیل بیان دھوکے کی ٹٹی ہے۔

،،کیاعلامہ خیرآبادی فقہ میں مہارت سے مشہور ہیں یاکلام میں رئیس المتکلّمین سے ؟کم ازکم تحقیق الفتوی ہی توجہ سے پڑھ لی ہوتی, امتناع النظیر ہی کی رعایت کرلی ہوتی, پوراخیرآبادی سلسلہ, منطق وفلسفہ کے ساتھ اسلامی الہیات و کلامیات سے معروف ہے.،،

ظاہر کہ جب مدعی دعوت مطالعہ دے رہاہے، توہم جیسے بے علم اور سیدھے سادھے لوگ اس کے سوااور کیاسمجھ سکتے ہیں کہ جناب بات صحیح فرمارہے ہیں، اگر غلط کہتے تو دعوت مطالعہ کیوں دیتے، لیکن دعوت مطالعہ کے

پردے میں حقائق سے دور جھوٹ اور فریب کی وادی میں وہ ڈھکیل ہی نہیں دیتے ہیں، بلکہ ہم جیسے لوگ از خود پروانے وار گرے بھی جاتے ہیں۔

تکفیر شاہ دہلوی کی بابت خود کتاب،، تحقیق الفتوی،، سے علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ کا موقف،، تکفیر فقہی،، معلوم کرنے کے بعد اب اس مقام پر رامپوری صاحب کا یہ دعوی نقل کیا جاتا ہے، جس میں علامہ کے فقہی تکفیر قرار دینے کو اپنی سمجھ سے پرے لکھا ہے۔ فرماتے ہیں۔

،، لیکن ہماری سمجھ سے پرے ہے کہ یہ حضرات کس اعتبار سے علامہ کے فتوئ تکفیرِ شاہ دہلوی کو فقہی قرار دینے پر مُصِر ہیں،،

اسے سمجھ کا پھیر نہیں کہہ سکتے، کیوں کہ اعلی دماغ والے لوگ ہیں، اس لئے جھوٹ نگاری ہی کہنا مناسب رہے گا، یا پھر جان بوجھ کر لوگوں کو گمراہ کرنے کی سازش قرار دیا جاسکتا ہے۔

قارئین باتمکین! اب جب کہ حق کھل کر سامنے آگیا، باطل سرنگو ہو گیا، تو کیا اب بھی کسی بجنوری کو ،، تکفیر کلامی،، قرار دینے کی جسارت ہو سکتی ہے، واقعی اگر کوئی اس کے باوجود کلامی قرار دے، تو یقیناً حسن بن صباح کے جنت نشین،، **حشحشین** ،، ہی ہو سکتے ہیں، اور سوسالہ مدت میں جو کام علمائے دیوبند سمیت پوری ملت وہابیہ انجام نہیں دے سکی، واضح اور روشن جھوٹ نہیں بول سکے، وہ رامپوری اور رضی و چڑ سی سراوی اور محبین و معتقدین نے کر دکھایا۔ یا اس سوسالہ مدت میں علامہ خیر آبادی کے فتوی کو سمجھنے کی اہلیت رکھنے والا کوئی ایک بھی فرد نہ تو بریلویت میں پیدا ہوا اور نہ ہی دیوبند میں، اس صدی پر بھاری ایک ہی سمجھدار ہوئے، بس رام پوری، اللہ تعالی ان سب کو ہدایت نصیب فرمائے۔ آمین

محمد ساجد رضا قادری رضوی

پہلا مکالمہ

(رضی احمد مصباحی ارریاوی، خانقاہ عارفیہ سراواں کا خدمت گار، ناصر و ذیشان کا مقلد اعمی، لہذا سچے خدا کی تلاش میں جھوٹے موہوم معبودوں کے چنگل میں پھنس گئے، تحریر دیکھ کر تہذیب کے جامے سے باہر ہو گئے، اور ثقافت کی دہائی دینے والے نے خود ثقافت کا جنازہ نکالا، بدکلامی کا جوہر دکھاتے ہوئے ہم کلامی کا آغاز کیا، ان کے پہلا کمینٹ سے آخر تک پوری بحث ملاحظہ کیجئے۔)

رضی مصباحی: بہت بڑا گھونچو ہے۔

محمد ساجد رضا: آپ سے بڑھ کر گھونچو، اندھ بھگت ہو گا کوئی۔

رضی مصباحی: آپ ہیں نا۔

رضی مصباحی: شاہ صاحب کی تکفیر فقہی کے شواہد آج تک متکلّم طارق مصباحی نہیں پیش کر سکے۔ آپ کا دعوی کوئی کیوں مان لے گا؟ علامہ صاحب نے پوری بحث متکلّمانہ کی اور تکفیر کی بات آئی تو آں جناب پر چھوڑ دیا کہ نوادی فتنہ اس کا فیصلہ کرے گا۔۔۔۔۔ تف ہے۔

محمد ساجد رضا: ذرا تحقیق الفتوی بغور مطالعہ فرمالیں کہ علامہ خیر آبادی کا فتوی کلامی ہے کہ فقہی ہے۔

رضی مصباحی: جی میں نے بغور پڑھی ہوئی ہے آپ خود پڑھ لیں۔ دوسری اہم بات یہ کہ علامہ خیر آبادی متکلّم ہیں فقیہ نہیں ؟

محمد ساجد رضا: پھر یا تو آپ سمجھے نہیں یا فریب دے رہے ہیں۔ یقیناً آپ متکلّم تھے۔ اور فقیہ بھی۔ لیکن متکلّم مشہور ہوئے۔ اس سے اس کا مطلب یہ نہیں کہ آپ فقیہ نہیں تھے۔ کیا ایسا کوئی ضابطہ ہے کہ جو متکلّم ہوگا وہ فقیہ نہیں ہوسکتے۔ کم از کم تحقیق الفتوی کی عبارت ہذا کو دیکھ لیتے۔

چوتھا مقام:۔ علماِ شریعت کے نزدیک اس جرم شنیع کے مرتکب کے حکم میں۔ (ص 72)

یہاں پر ،،علماِ شریعت ،، کی تخصیص کرنا اور مرتکبین پر حکم نازل فرمانا اس بات کا غماز ہے کہ علامہ خیر آبادی علیہ الرحمہ نے حکم فقہی بیان فرمایا نہ کہ کلامی۔ ورنہ علمائے شریعت کی بجائے متکلّمین کا نام لیتے اور ان کا حکم بیان فرماتے۔

رضی مصباحی: مطلب متکلّم علماء شریعت نہیں ہوتے ہیں ؟

محمد ساجد رضا: وہی تو میں آپ سے دریافت کر رہا ہوں کہ فقیہ متکلّم نہیں ہوتے ہیں کیا۔

رضی مصباحی: غضب ہے ؟ جو پوری زندگی فتوی لکھے وہ متکلّم اور جو پوری زندگی علم کلام سے وابستہ رہے وہ مفتی !!!!!

محمد ساجد رضا: غضب در غضب تو آپ کی فطانت عالیہ پر ہے جناب۔ میں نے یہ تو نہیں کہا کہ علامہ خیر آبادی محض متکلّم تھے۔ یا اعلی حضرت محض خشک فقیہ تھے۔ یہ تو آپ نے دھول پھانکی ہے کہ۔ غضب ہے ؟ جو پوری زندگی فتوی لکھے وہ متکلّم اور جو پوری زندگی علم کلام سے وابستہ رہے وہ مفتی !!!!!،،

آپ ہی انکار کررہے ہیں کہ علامہ خیرآبادی محض متکلّم تھے۔مفتی نہ تھے۔اور اعلی حضرت محض مفتی تھے متکلّم نہ تھے۔اور ہاں آپ جبال العلم ہیں ۔معلوم ہوناچاہئے کہ علامہ خیرآبادی علم کلام کی آبیاری کے ساتھ کہاں کہاں عدالت عالیہ میں مفتی صدرالصدور رہے ہیں۔

ظاہر ہوگیاکہ آپ کے پاس تحقیق الفتوی کوکلامی کہنے کا کوئی پیمانہ نہیں ہے۔محض خیال خامی ہے کہ علامہ علیہ الرحمہ متکلّم کی حیثیت سے مشہور ہوئے تواسی بنیاد پر فتوی کوبھی کلامی قرار دیا۔

جب میری سادہ سی تحریر آپ کی سمجھدانی پر غضب ڈھارہی ہے۔توعلماء کے اقوال توقیامت ہی ڈھارہی ہوگی۔۔

محمدساجدرضا: آپ کی معلومات پرصدافسوس۔

رضی مصباحی: یہ قرینہ کہاں سے اخذکیاآپ نے کہ علماء شریعت سے مرادفقہاہی ہیں ؟اور یہ بھی کہ متکلّم فقہ سے استدلال نہیں کرتے ؟یہ کس طور پر طے ہوگاکہ فتوی فقہی ہے یاکلامی ؟کوئی معیار ہے ؟

محمدساجدرضا: وہی سوال ہم بھی کرتے ہیں کہ آپ نے کہاں سے اخذکیاکہ فقیہ متکلّم نہیں ہوتے۔اور یہ کہ فقیہ علم کلام سے استدلال نہیں کرسکتے۔ہاں یہ سوال صحیح ہے کہ۔۔یہ کس طور معلوم ہوگا کہ فتوی فقہی ہے کہ کلامی۔

پہلی بات آپ نے کس معیار سے اس فتوی کوکلامی قرار دیا ذرااسے بیان کیجئے۔اور ہمارا معیار تواسی پیش کردہ عبارت میں موجود ہے۔ظاہر ہے کہ اگرفتوی کلامی ہوتاتوعلمائے متکلّمین کاجملہ استعمال فرماتے۔مگر اس کی بجائے علمائے شریعت خاص کرناکیامعنی رکھتاہے۔

رضی مصباحی: بریلویوں کی بچے ۔۔۔۔۔۔کی بغل میں ہی ان کی سمجھدا۔۔۔۔بھی ہوتی ہے اس لیے وہ ہر ایمان کو کفر سمجھتے ہیں ۔

محمد ساجد رضا: آئے بائے شائے ہانکنے لگے ۔۔واہ جناب واہ۔۔۔استغفراللہ تعالی یہ سراسر الزام ہے۔ میرے خیال میں اسے بھی آپ ثابت نہیں کرسکتے۔

(نوٹ:۔یہاں مولینا رضی احمد صاحب خاموش ہوگئے،اب آگے خاص ان کے وال سے گفتگو اس طرح شروع ہوتی ہے کہ آنجناب نے اپنے ویڈیو کلپ کے ساتھ یہ چند جملے تھے۔)

،،اب آپ لوگ میری بھی تقریر سننے کی عادت ڈال لیجئے،،

(اس پر حقیر کا جو کمینٹ تھا وہاں سے پھر بحث آگے بڑھتی ہے۔)

محمد ساجد رضا: پتہ نہیں اپنی نارسا سمجھدانی سے کتنوں کو اپنی اندھ بھکتی کا شکار کریں گے۔خدا خیر کرے۔

رضی احمد مصباحی: کتوں کو میں مارتا ہی نہیں ہوں بلکہ ذبح کرکے ناگالیڈیوں کے آگے ڈال دیتا ہوں۔

محمد ساجد رضا: آپ کی بھٹیاری زبان آپ کو مبارک ہو،انسان اپنی فطرت سے بولتا ہے۔آپ کی فطرت کیا ہے۔ پتہ چل گیا۔واقعی آپ کو گھی ہضم نہیں ہوا۔آپ کی یہودیانہ فطرت کھل کر سامنے آگئی۔وہاں پر آپ نے جواب نہیں دیا۔شائے بائے ہانک کر فرار ہوگئے۔اس لئے تعاقب میں یہاں آیا تو آپ کی پاکیزہ فطرت نے مغلظات کی نوازش کردی۔اس کے باوجود سنجیدہ گفتگو اور صوفیانہ مزاج کا دعوی۔

یہ منہ اور مسور کی دال

آپ نے نہیں بتایا کہ تحقیق الفتوی کو کلامی قرار دینے کی دلیل کیا ہے۔ جب کہ میں نے خود علامہ علیہ الرحمہ کی تحریر پر تنویر سے ثابت کر آیا۔

آپ اسے کلامی کہتے ہیں اس کی دلیل پیش کیجئے۔اور نہیں کر سکتے۔ تو پھد کنا بند کیجئے۔ جوبات نہ ہوا سے زبردستی کسی کے سر مونڈھنا۔ یہی تو یہودیت اور دجالیت ہے۔ جسے آپ اور آپ کے ممدوحین انجام دے رہے ہیں۔

رضی مصباحی: تحقیق الفتوی کلامی ہے۔ بھٹیارن زبان آپ بریلویوں کی خاندانی زبان ہے یہ آپ لوگ بولتے ہیں نہیں بلکہ اس کا نشہ کرتے ہیں۔ ابھی تک تو آپ نے سمجھ دانی اور بچہ دانی (بچہ دانی لفظ کا استعمال جھوٹ پر مبنی ہے، ساجد رضا) کا استعمال کیا تھا کیا وہ بریلویت کی معلی زبان نہیں ہے۔ میں نے اسی لہجے میں جواب دیا تو اپنی بریلویت پر اتر آئے۔

رضی مصباحی: اہل فکر یہاں خود فیصلہ کریں گے کہ آپ نے کس طنطنے کے ساتھ خرافات یہودیہ اور فکریات ماسونیہ کا استعمال کیا تھا لیکن جیسے مومن نے پلٹ کر وار کیا مکر خیبریہ کا مکر جال آپ نے بننے کی کوشش کی۔

محمد ساجد رضا: سب دیکھ رہے ہیں بھٹیاری زبان کا پہلے استعمال کس نے کیا۔ ہم نے جواب دیا تو آنجناب اپنی یہودیانہ فطرت پر اتر آے۔ (اور مکر خیبریہ کا جال کون بن رہا ہے، اہل فکر اسے دیکھ رہا ہے۔ جس سے خود ہی فیصلہ کر لیں گے۔)

محمد ساجد رضا: اسی کو بولتے ہیں ڈھٹائی۔آپ کے بولنے سے کچھ نہیں ہوگا تحقیق الفتوی سے ثبوت دیجئے۔کوئی عبارت پیش کیجئے۔کہاں پر کلامی لکھا ہے۔

رضی مصباحی: قرآن کی بات کرنا یہودیوں کے غلاموں کو کبھی ہضم نہیں ہوتا۔ان کو یہودی خاندان کا ذکر چاہیے۔قرآن سے دور کر کے دجال کے فتنے میں پھنسانے کی کوشش ہے۔بلکہ آدھی قوم کو دجالی فتنے میں پھنسا بھی دیا ہے۔

محمد ساجد رضا: کبھی سرواں والے پر بھی تحقیق وتنقید کا تیشہ چلاتے۔تو آپ کو دعوی میں سچ سمجھتا۔لیکن وہاں چوں برابر برداشت نہیں۔اس کا مطلب یہی ہے کہ واقعی آپ نے سرواں کے بابو میاں کو خدا بناہی لیا۔(سچے خدا کی تلاش میں جھوٹے موہوم معبودوں کے چنگل میں پھنس گئے،بعد میں آپ کے پیر کی ایک تصویر ہاتھ آئی،جس میں یہ خدا جھوٹا خدا بنا ہوا ہے اور سامنے دو شخص سجدہ ریز ہے،آپ بھی سجدہ کرنے کو تڑپ اور ترس رہے ہیں،یہ تو اعلی حضرت کا فیضان ہے،الزبدۃ الزکیہ کی کرم نوائی ہے کہ آپ ابھی تک اس جھوٹے خدا کو سجدہ نہیں کر سکے،اس لعنت سے بچے ہوئے ہیں،اس مکر خیبریہ کے بیعت وارادت کی) لعنت سے کب نکلیں گے۔دیکھتے ہیں۔

رضی مصباحی: پوری قوم لڑا لڑا کر تباہ کر دیا،قوم مسلم کا جو وقار دنیا کی نظر میں تھا اسے یہودیانہ سازش سے مسلمان بن کر نیست ونابود کیا۔مسلمان جن کا ایک مرکز تھا اسے ختم کر کے نیا مرکز بنانے کی جنگ شروع کر دی۔خود کو خدا سمجھنے لگے۔یہودی فکر کو اسلام باور کرایا۔

محمد ساجد رضا: آپ تاریخ سے بھی نابلد ہے۔ہائے افسوس۔ہندوستان کی اسلامی تاریخ کا مطالعہ کیجئے۔معلوم ہوگا کہ یہاں پر کبھی مسلمان ایک جھنڈے تلے رہے ہی نہیں۔چہ جائے کہ ایک

مرکز کی بات ہو۔ ہاں جب جب ایک مرکز میں متحد ہونے کی بات کی ہے۔کچھ آپ جیسے نادان لوگ کبھی آر ایس ایس کے ہاتھوں کی ڈگڈگی بن گئے۔تو کبھی خود کو مرکزیت کا حامل قرار دینے کے چکر میں صوت اتحاد میں نفاق کا ناقوس پھونک دیا۔اورآج بھی مسلمان ایک پلیٹ فارم پر نہیں ہے۔

رضی مصباحی: تم جیسے بہت سے یہودی غلام اس سے پہلے بھی آئے لیکن اللہ کا شکر ہے کہ سب اپنے انجام کو پہونچے۔تمہارے بڑے بڑے اپنی۔۔۔۔۔دانی سنبھالے رو رہے ہیں اور اب تم جیسے نو سیکھیے اپنا اور دوسروں کا ایمان تباہ کرتے پھر رہے ہو۔

محمد ساجد رضا: جناب عالی وہی تو میں کہہ رہا ہوں کہ دوسروں کا ایمان تم تباہ کر رہے ہو یا ہم ۔علامہ خیر آبادی پر کلامی فتوی کا جھوٹ تم نے بولا کہ ہم نے۔علامہ علیہ الرحمہ کی فقاہت کا انکار کر کے جھوٹ کس نے پروسا، تم نے کہ ہم نے۔دہلی اورالور کی عدالتوں کے آپ مفتی تھے۔اس کا منکر کون ہوا۔واقعی آپ کی اعلی قابلیت اور علمیت کا بھانڈا پھوٹ گیا۔

اور ہاں جھوٹ آپ بولو۔دین اسلام کی اتحاد کو آپ پارہ پارہ کرو۔یہود کی غلامی میں اپنے آپ کو گروی تم رکھو ۔پھر ڈھٹائی کے ساتھ الزام دوسروں پر تھوپ دو۔

ہمارے بڑے تمہارے منہ بھی لگنا پسند نہیں کرتے۔اس لئے خاموش ہوجاتے ہیں۔میں بھی تمہارے منہ لگنا نہیں چاہتا۔لیکن آپ کے جھوٹ پروسنے نے میری رگ صدیقت کو گوارہ نہ ہوا۔اس لئے اس جھوٹ کو سر عام نیلام کرنے آگیا۔

اور آپ میرے سوالات سے بھاگتے پھر رہے ہیں اور میں تعاقب کئے جارہا ہوں۔مگر یہاں پر بھی جواب دینے کی بجائے اپنی ڈنگیں ہانک رہے ہیں۔

رضی مصباحی: دوسروں کو گالی دیتے رہے تو لوگ یہ سمجھتے تھے کہ ہو سکتا ہے دوسرا ہی غلط ہو لیکن اللہ نے دنیا کے سامنے انجام رکھ دیا کہ تمہارا خود ساختہ سارا خدا آپس میں لڑ پڑا۔ تمہارے فرقے میں ایک بھی بت مسلمان نہیں ہے سب کو کافر تمہارے بڑے بتوں نے بنایا ہے۔

محمد ساجد رضا: بکواس کے علاوہ کچھ نہیں۔

رضی مصباحی: تم بریلویوں کی وہی گھسی پٹی بات کروگے جو فری میسن سے تم لوگوں کو ملتا ہے۔ جس کی ہزاروں دفعہ میں نے مٹی پلید کی ہے۔

محمد ساجد رضا: اور تم جیسے ندوی صفت لوگ وہی گھسی پٹی وہابیوں کے اعتراضات اٹھاؤ گے۔ جو تمہیں فری میسن سے ملتا ہے۔ جن کو علمائے اہل سنت نے بار بار جوابات دیے ہیں۔ اور انہیں گستاخوں و بے ادبوں جھوٹے مکاروں کی روش پر چل کر یہاں پر اپنی مٹی پلید کر رہے۔

رضی مصباحی: جس کتاب کا یہ اسکرین شاٹ ہے اسی میں دہلوی، محمد بن عبد الوہاب اور دیگر ائمہ وہابیہ کو مسلمان تسلیم کیا ہے۔۔

سوال یہ ہے کہ اگر مذکورہ افراد مسلمان ہیں تو ان کا موہوم خدا کون ہوگا؟ وہی جو عام مسلمانوں کا خدا ہے؟ یا کوئی دوسرا؟ کوئی دوسرا ہونے کی صورت میں حکم تکفیر کیوں نہیں۔ اگر ان کا خدا بھی وہی ہے جو عام مسلمانوں کا ہے تو پھر محرر کا خدا کوئی اور ہونا چاہیے؟ اگر محرر کا خدا کوئی اور ہے تو پھر کیا ہونگے؟ حالانکہ محرر اقراری ہیں کہ وہ ائمہ وہابیہ کو مسلمان ہی سمجھتے ہیں۔؟ (نوٹ اسکرین شارٹ کی تحریر حسب ذیل ہے)

رابعا اقول: العزۃ للہ، اگر دہلوی ملا کی یہ دلیل سچی ہو تو دو خدا، دس خدا، ہزار خدا، بیشمار خدا ممکن ہو جائیں، وجہ سنئے جب یہ اقرار پایا کہ آدمی جو کچھ کر سکے خدا بھی اپنی ذات کے لئے کر سکتا ہے، اور معلوم کہ نکاح کرنا، عورت سے ہم بستر ہونا، اس کے رحم میں نطفہ پہچانا قدرت انسانی میں ہے تو واجب کہ ملاجی کا موہوم خدا بھی یہ باتیں کر سکے ورنہ آدمی کی قدرت تو اس سے بھی بڑھ جائے گی، اور جب اتنا ہو چکا تو وہ آفتیں جن کے سبب اہل اسلام اتخاذ ولد کو محال جانتے تھے، امام وہابیہ نے قطعا جائز مان لیں۔ آگے نطفہ ٹھہرنے اور بچہ ہونے میں کیا زہر گھل گیا ہے، وہ کون سی ذلت و خواری باقی رہی ہے جن کے باعث انھیں مانتے جھجکنا ہو گا بلکہ یہاں آکر خدا کا عاجز رہ جانا تو سخت تعجب ہے کہ یہ تو خاص اپنے ہاتھ کے کام ہیں جب دنیا بھر میں بزعم ملاجی سب کے لئے اس کی قدرت سے واعق ہوتے ہیں تو کیا اپنی زوجہ کے بارے میں تھک جائیگا اخر بچہ نہ ہونا یوں ہوتا ہے کہ نطفہ استقرار نہ کرے اور خدا استقرار پر قادر ہے، یا یوں کہ منی ناقابل عقد و انعقاد یا مزاج رحم میں کوئی فساد یا خلل آسیب مانع اولاد تو جب خدائی ہے کیا ان موانع کا ازالہ کر سکے گا، بہر حال جب امور سابقہ ممکن ٹھہرے تو بچہ ہونا قطعا ممکن اور خدا کا بچہ خدا ہی ہو گا، ...

(فتاوی رضویہ، ۱۵/۳۷۰)

(نقیب اللہ: پھر آپ تکفیر کیوں نہیں کرتے؟

رضی مصباحی: میرا دعوی خدائی کا نہیں ہے۔۔ ان لوگوں کو ان کی خدائی سے باز رکھنے کے لئے آئینہ سامنے رکھتا ہوں، باقی اللہ نے قیامت کا ایک دن متعیّن کیا ہے وہاں ہم سب اس یہودیت کا بھی انجام دیکھیں گے۔

نقیب اللہ: اللہ کے بندے اگر تیرے خدا کو کوئی اس طرح کی غلیظ گالیاں دے تو اسے کچھ نہیں کہے گا یہی تیری غیرت ہے تیرے لئے کوئی من شک نہیں ہے۔

رضی مصباحی: میرا خدا مجبور نہیں ہے۔)

محمد ساجد رضا: استغفر اللہ واقعی آپ کی عقل پر تالے لگ چکے ہیں، کسی کے کفر کو بتانا اگر خدائی کا دعوی ہے تو ضرب کہاں کہاں پڑتی ہے، اس کا کچھ بھی اندازہ ہے، چلئے دور نہ جائیے آپ ہی کے پیر خانے میں چلتے ہیں، لیکن اس سے قبل یہ یاد دلادیں کہ آپ کے نزدیک حسام الحرمین میں کارتکفیر انجام دے کر خدائی کا دعوی کیا ہے، تو پھر ابو میاں نے اس کی تصدیق کر کے کیوں خدائی کے دعوی میں شریک ہوئے، اس بت کو کب پارہ پارہ کریں گے، ارے اسے بھی جانے دو خود آپ نے تحقیق الفتوی کو بلا دلیل کلامی کہا ہے کیا بلا دلیل اپنی بات منوانا خدائی کا دعوی نہیں ہے، پہلے اپنے اندر کے بت کو توڑو۔ دیکھتے ہیں اپنی انا کو کب فنا کرتے ہیں۔

رضی مصباحی: ارے کیوں اپنی پاگل پنتی کا علاج مجھ سے کرانا چاہتے ہو۔ کفر بتانا اور کافر کہنا دو الگ الگ چیز ہے۔ جنہوں نے کفر بتایا ہے وہ اللہ کے بندے ہیں اور جو کافر بناتے ہیں پھر رہے ہیں وہ خدائی کے غیر اعلانیہ دعوے دار ہیں؟

اب آپ کو خدائی دعوے دار کے ایک جھلک دکھادوں۔ مشہور خطیب امین القادری سے کوئی خطا ہوئی تھی، اس باکی توبہ انہوں نے حرمین طیبین میں کی اور اس کے علاوہ سات دفعہ انہوں نے توبہ کیا، لیکن آپ کے مذہب کے خود ساختہ خدا یہ کہتے رہے کہ جب تک یہودی خانے پہنچ کر توبہ نہیں کرتے توبہ قبول

نہیں۔مجھے یہ بتاؤ توبہ قبول کرنا کس کا کام ہے ؟اور یہ کام آج کل تم لوگ کرتے ہو کہ نہیں۔ابھی ہاشمی میاں بریلی گئے تو کیا کہا گیا تھا؟

یہ سارے دعوے بندے کرتے ہیں یا خدائی کے دعوے دار کرتے ہیں۔۔؟

ساجد رضا: جو کفر بناتے پھر رہے، ان کی جی بھر مذمت ہی نہیں بلکہ مرمت بھی کیجئے لیکن اس ایک کی وجہ سے سب پر نزلہ کیوں گرایا جارہا ہے، پھر اس میں آپ میں کیا فرق رہ گیا۔

مشہور خطیب امین القادری نے کیا خطا کی تھی مجھے اس کی اطلاع نہیں ، البتہ اتنا سنا تھا کہ جو بھی خطا ہوئی تھی،۔توبہ کرلی۔بات ختم ہوگئ، لیکن آپ کہہ رہے ہیں کہ کسی نے کہا کہ یہودی خانے پہنچ کر توبہ کرے تو توبہ قبول۔۔یہ بھی بلا دلیل ہے یا کچھ ثبوت بھی ہے، بھیجئے انتظار رہے گا۔

ہاشمی میاں کے تعلق سے چند اشرار جو کہے اسے بھی آپ پوری امت پہ تھوپ دیں گے ،ایسے ہوائی ہانکنے سے کیا فائدہ۔

رضی مصباحی: آپ کا موجودہ فرقہ پوری امت کو ایک کبھی نہیں ہونے دے گا ؟ یہ خود کو امت مسلمہ سے کاٹ کر رکھنا چاہتا ہے۔

جامعہ اشرفیہ مبارک پور کے خلاف 2003/سے اب تک جو کچھ ہوا، مفتی نظام الدین اور دیگر اساتذہ اشرفیہ کے خلاف جو محاذات کھولے گئے کیا وہ خدائی دعویداری نہیں تھی ؟

(نوٹ: فتاوی رضویہ کی عبارت بارے دیگر میرے فیس بک وال پر شئیر کیا، جہاں سے آگے کی بحث ملاحظہ کیجئے۔

محمد ساجد رضا: جو تمثیل کو نہ سمجھے اس کی سمجھدانی واقعی ۔۔۔۔۔۔۔

رضی مصباحی: اسی کو بریلویت کہتے ہیں۔

رضی مصباحی: کیا تمثیل میں خدا کے لیے ایسا لکھنا جائز ہے ؟؟

محمد ساجد رضا: کس کے خدا کو ایسا کہا۔ ملا جی کے یا مطلق خدا کو۔ ظاہر ہے کہ ملا جی کے خدا کو جن کا خدا جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔ اور ہمارا خدا جھوٹ بولنے سے پاک ہے۔

اورآپ نے ملا جی کے جھوٹے خدا کو اپنا خدا مانا۔ لاحول ولا قوۃ۔ اس لئے معترض ہوئے کہ دیکھو خدا کے لئے کیسا جملہ لکھا۔ عقل گھانس چرنے گئی ہے کیا؟

رضی مصباحی: اگر اس ملا جی کا خدا جھوٹا ہے تو وہ مسلمان ہو گا یا نہیں ؟ اگر نہیں ہو گا تو اسی کتاب میں ان کو مسلمان کیوں تسلیم کیا ؟ کیا مسلمان کا خدا اور محرر کا خدا الگ الگ ہے ؟ یہی سوال تو ہے ؟

محمد ساجد رضا: آپ کے اس سوال پر کافی غور کیا۔ اوراس نتیجے پر پہنچا کہ اگر اسے مسلمان لکھا ہے تو یقینا ملا جی اور محرر کا خدا ایک ہے لیکن محرر نے ملا جی کے پاک خدا کے تعلق سے نہیں لکھا ہے۔ بلکہ گمرہی کے اس جھوٹے خدا کی بابت لکھا ہے۔ جو جھوٹ بولنے پر قادر ہے۔

یہ تو محرر کا حسن ظن اوراحتیاط ہے کہ اسے کفریات کے باوجود مسلمان مانا ہے۔ اوراس کی گمرہی کے جھوٹے خدا کی تردید کی ہے۔ اورآپ اسی جھوٹے خدا کی دہائی دے رہے۔

حیرت ہے کہ آپ نے اس جھوٹے خدا کو اور پاک خدا کو ایک ہی خانے میں شمار کردیا ہے۔ جس سے مجھے پکا یقین ہو گیا ہے کہ آپ گمرہی کی بت تراش رہے ہیں۔

(نوٹ: اعلی حضرت رضی اللہ عنہ کا گمرہی کے جھوٹے خدا کی نسبت لکھنا شرعا کوئی قباحت نہیں ہے، کسی بھائی نے دوسرے مقام پر جواب دیا تھا، نام ان کا خود نہ لکھنے کے سبب کاپی پیسٹ نہیں ہوسکا تھا، بہرحال ان کے شکریہ کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے، جواب بہت ہی عمدہ ہے، اور رضی مصباحی کے جھوٹے خدا کو نہ صرف سمجھنے میں بڑی مددگار ثابت ہوگی، بلکہ ان کے گمراہ کن سوال کا پول بھی کھل جاتا ہے، ان کی ذہنی پسماندگی و پست خیالی، اور علمی بے بصیرتی کا ڈھول بھی خاک پیوند ہوجاتا ہے۔

واقعہ ہے کہ ایک صحابی نے اپنی باندی کو بہت مارا، اور حضور کے پاس آئے، حضور کی بارگاہ میں، صحابی نے کہا کہ حضور یہ اس طرح دعا کر رہی تھی کہ وہ خدا جو آسمان میں ہے۔ المختصر، اس پر حضور نے فرمایا کہ کیا تم اس خدا پر ایمان رکھتی ہو جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا خدا ہے؟ عورت نے کہا ہاں۔ پھر آپ نے فرمایا کہ تب کوئی بات نہیں ہے، یہ مؤمنہ ہے۔

عن معاوية بن الحكم السلمي رضي الله عنه أنه أتى النبي صلى الله عليه وسلم يستفتيه عن جارية كان قد لطمها، فعظّم النبي صلى الله عليه وسلم فعله فقال: يا رسول الله أفلا أعتقها؟ قال: ائتني بها، فأتاه بها، فقال لها: (أين الله؟ قالت: في السماء، قال: من أنا؟ قالت: أنت رسول الله، قال: اعتقها فإنها مؤمنة) رواه مسلم

حاصل یہ ہے کہ ہم خدا کو صرف حضور کے واسطے سے جانتے ہیں اور یہی حق ہے۔ بقیہ عقلی، وہمی اور خیالی خدا سے اسلام کا کیا لینا دینا نہیں۔ مصنف (اعلی حضرت) اسی موہوم اور عقلی خدا کی بات کر رہے ہیں، اس میں نہ کوئی قباحت ہے اور نہ کوئی اہانت۔

جب آپ نے دشمنی کرنے کی ہی ٹھان رکھی ہے تو خوب زور لگالیں، کوئی فرق نہیں پڑنے والا ۔گرچہ آپ سیاق و سباق کو کاٹ چھانٹ کر ہی ڈالا کریں۔لیکن کہتے ہیں نا کہ جو کھرا ہے وہ کھرا ہی رہے گا ،اور جو کھوٹا ہے وہ کھوٹا ہی رہے گا۔ویسے معلوم نہیں یہ تحریر کس کی ہے لیکن جسکی بھی ہو کسی بہت بڑے عالم اور مفتی و متکلّم کی لگ رہی ہے۔)

رضی مصباحی: اس جھوٹے خدا کے دفاع میں آئے تھے یا سچے خدا کے دفاع میں ؟ کیا آپ کے نزدیک یہ کلمات شدید نامناسب نہیں ہیں ؟ مجھے لگتا ہے آپ یقینا نفی میں جواب دیں گے کیوں کہ خود تراشیدہ خدا جو آپ نے بنا رکھا ہے۔

محمد ساجد رضا: واقعی آپ کی عقل ماری گئی ہے ۔اوراپنے اندر ایک بت بنا رکھاہے۔اس لئے اس کے علاوہ کسی کی نہیں سنتے۔اور گمرہی کے جھوٹے خدا کی حمایت میں مچل رہے ہیں۔گمرہی کے جھوٹے خدا آپ کو مبارک ہو۔اور ہدایت کے جھوٹ سے پاک خدا ہمیں مبارک ہو۔بحث کو آپ نے کہاں سے کہاں پہنچادیا۔مگر تحقیق الفتوی کے کلامی ہونے کی دلیل خود تحقیق الفتوی سے ابھی تک پیش کرنے میں ناکام رہے۔

رضی مصباحی: تحقیق الفتوی کلامی ہی ہے۔

محمد ساجد رضا؛ اس کی دلیل کیا ہے۔؟

رضی مصباحی: دلیل خود کتاب ہے۔

محمد ساجد رضا: کتاب ہی سے کوئی عبارت پیش کیجئے۔

دوسری بحث: مسٹر نوشاد علیگ سے

(پہلا دن)

نوشاد عالم چشتی: اسماعیل دہلوی جیسے گستاخ رسول کی کفریات پہ سکوت برتنا احتیاط نہیں بل کہ حماقت و منافقت ہے. ہم کسی گستاخ رسول کو اپنا پیشوا نہیں مانتے ہیں. چشتی۔

محمد ساجد رضا؛ . نوشاد صاحب آپ ابھی نابالغ بچے ہیں۔امام احمد رضا نے کہاں اسماعیل دہلوی کی تکفیر کی ہے۔اور کہاں سکوت کیا ہے۔آپ جیسے نااہل اور بے علم لوگ نہیں جان سکتے۔لوگوں پر اپنی علمیت کا اظہار کرنا بند کیجئے۔

نوشاد عالم چشتی: جی پوری دنیا میں ابلیس کے بعد آپ ہی تو بالغ ہیں اور آپ کی رضاخانی بلوغت آپ کے سر پہ چڑھ کے بول رہی ہے۔(خانقاہ سراواں کی تعلیم و تربیت بول رہی ہے)

محمد ساجد رضا: کیوں بھڑک گئے ایک ہی خرما پر۔اگر بالغ ہے تو چلو بحث کرلو۔تمہاری ہی اسی پیش کردہ عبارت پر۔لیکن اس طرح کی بکواس نہیں۔ورنہ ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں۔

نوشادعالم چشتی: (ایک دن کے بعد چیلنج قبول کیا،اور جواب دیا)توآئیں میدان میں۔ہم بھی منہ میں زبان رکھتے ہیں۔بکواس آپ نے شروع کی ہے میں نے آپ کا جواب دیا ہے۔

صوفی شمیم حسینی: ڈاکٹر نوشادعالم زبردست محقق ہیں انکی تحقیقات اور حوصلہ کو سلام۔

محمد ساجد رضا: ان کی زبردست تحقیقات کا حال معلوم ہے۔وہ کتنے بڑے ناکام محقق ہے وہ بھی پتہ ہے بھائی۔ان کی اسی طرح کی تحقیقی روش جاری رہی توعنقریب کہیں مُرید سے ناکام مَرید ثابت نہ ہوجائے۔

(نوٹ: نوشادعالم چشتی کی پہلی پوسٹ اور اس پر میرااعتراض دیکھئے،بحث توسکوت اور تکفیر کے موضوع پر ہونی تھی،مگر چشتی صاحب کا موضوع سے فرار ہونے کا زندہ تابندہ نمونہ دیکھئے۔)

نوشادعالم چشتی: Md sajid بکواس کی شروعات تم نے کی ہے بھائی۔مولانا احمد رضا خان اور عیسائی پادری کے عنوان سے عیسائی پادریوں کے سرگرمیوں کے خلاف مولانا احمد رضا کی عملی سرگرمیوں پہ بات کرو اور پادریوں کے خلاف مولانا احمد رضا خان صاحب کی عملی سرگرمیوں کا دستاویزی ثبوت فراہم کریں۔

محمد ساجد رضا: بکواس بند کر دلیل کی بات کر بھائی۔اگر ہمت ہے۔(دلیل کے نام ہی سے بہت زیادہ متوحش ہوگئے،شاید دماغ ماؤف ہوگیا،سمجھ سمجھدانی سے باہر ہوگیا،اب ان کی گھبراہٹ اور حواس باختگی کو

